© rasailojaraid.com



# تعارف و تبصرہ کتب

★ مولانا عبدالقیوم حقانی

۱۔ معالم العرفان فی دروس القرآن ۔ افادات مولانا صوفی عبدالحمید صاحب سواتی
صفحات ۱۱۲۔ قیمت ۱۲ روپے۔ ادارہ نصرت العلوم۔ گوجرانوالہ

قرآن مقدس، جو سعادت و فلاح اور علم و حکمت کا بے پایاں خزانہ ہے۔ انسان جس قدر بھی اس کے قریب ہوگا اسی قدر دنیا و آخرت کی سعادتوں اور کامرانیوں سے بہرہ ور ہوگا۔ چنانچہ ہر دور میں درس قرآن پاک، اکابر علماء کرام اور سلف صالحین کا معمول رہا ہے۔ زیر نظر کتاب بھی اسی معمول کو قائم رکھنے کی ایک تحریری شکل ہے۔ مولانا صوفی عبدالحمید سواتی جو عرصہ تیس سال سے قرآن پاک کے درس قرآن پاک کی خدمت میں مصروف ہیں۔ ان کے سورۃ فاتحہ سے متعلق دس دروس کو الحاج لعل دین صاحب نے حد درجہ سلیقہ سے مرتب فرمایا ہے۔ موزوں عنوانات اور سرخیاں قائم کرنے سے کتاب کی افادیت میں اضافہ کی کوشش کی گئی ہے۔

۲۔ تحفہ امامیہ ۔ از حافظ مہر محمد میانوالوی ۔ صفحات ۴۸۰۔ قیمت ۳۶ روپے۔ ناشر مکتبہ نور باوا ۱ گوجرانوالہ

اعدائے صحابہ روافض جن کے نزدیک قرآن صحیح اور واجب العمل نہیں۔ سنت رسول ﷺ حجت نہیں جو صحابہ کرام کے ارتداد اور رسالت کے بجائے امامت کے قائل ہیں۔
زیر نظر کتاب میں ان کے جملہ باطل نظریات اور جھوٹے عقائد کا تحقیقی نوٹس لیا گیا ہے۔ اس کتاب کے نہایت اہم مباحث اور خاص مسائل یہ ہیں۔
فضائل خلفاء راشدین۔ مسئلہ بنات۔ قاتلان حسین کا تعارف۔ باغ فدک۔ تحریف قرآن۔ اصلی کلمہ کا کتب شیعہ سے متواتر ثبوت وغیرہ۔ شیعہ سنی اختلافی مسائل پر تحقیقی اسلوب میں عصر حاضر کی ناگزیر اور تشنگی بجھانے والی کتاب ہے جس کا مطالعہ دین و ایمان کے تحفظ اور پختگی کا باعث ہے۔

۳۔ ماہتاب عرب ۔ از مولانا عاشق الٰہی صاحب میرٹھی۔ صفحات ۱۷۵۔ قیمت ۲۲/۵۰
ادارہ "تالیفات اشرفیہ ریلوے روڈ ملتان

حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سیرت طیبہ پر عجیب کتاب ہے۔ واقعات سیرت سے جس نفیس اور لطیف انداز میں نتائج اخذ کئے گئے ہیں اس کی بنا پر کتب سیرت میں اسے ایک منفرد اور امتیازی مقام حاصل ہو جاتا ہے۔ سیرت طیبہ کو حقیقت

© rasailojaraid.com